''جاؤ اور سب قوموں کو شاگرد بناؤ''

تعارف، ابتدا، آغاز

از

ڈوٹا DOTA

کِتابچہ 1

گروپ کے رہنماؤں کیلئے

تیسرا اُشمارہ Third Edition

تعارف

کیا آپ بطور یسوع کے شاگرد ترقی کرنا چاہتے ہیں؟ کیا آپ ترقی کرنے میں دُوسرے ایمانداروں کی مدد کرنا چاہتے ہیں؟

اگر آپ کا جواب ہاں ہے تو پھر اِن چاروں راہنما کتابچوں کا مطالعہ کریں جو رہنماؤں کے لیے شاگرد بنانے اور عمل میں لانے کی غرض سے لکھے گئے ہیں۔ یہ چار کتابچے درج ذیل ہیں(۱-۴):

یسوع مسیح نے بھی شاگرد بنائے ہیں، یسوع نے لوگوں سے کہا" آؤ اور دیکھو!" اور "میری پیروی کرو!" (یوحنا۱:۳۹-۴۳)۔ اور لوگ چاروں طرف سے یہ دیکھنے آ رہے ہیں کہ یسوع نے کیسی زندگی گذاری اور اپنی جان کس لئے دی۔ ہر مُلک سے لوگ اُس (یسوع) کی پیروی اِس لئے کرتے ہیں کہ جو وہ ہے اور جو کچھ وہ کرتا ہے۔ یسوع نے اُنکی اور ہماری زندگیوں پوری طرح سے بدل دیا۔

اِسکے بعد یسوع نے دُعاؤں کے ساتھ بارہ آدمیوں کو شاگرد بنانے کے لئے چُنا اور اُنکو سکھایا۔ یسوع کی یہ خواہش تھی کہ یہ بارہ شاگرد اپنا زیادہ سے زیادہ وقت اُسکے ساتھ گزاریں، اُسکی حکمت بھری باتوں کو سُنیں، اُسکی زندگی کا مشاہدہ کریں، اُسکے نقشِ قدم پر چلیں اور وہ نیک کام کریں جو یسوع نے کیے ہیں (مرقس۳:۱۳-۱۵)۔

دو سال بعد یسوع نے اُن شاگردوں کے ذمہ ایک کام لگایا" پس تم جاؤ اور ساری قوموں کو شاگرد بناؤ!" (متی ۲۸:۱۸-۲۰)۔ اور وہ سب شاگرد یروشلم سے لیکر دُنیا کے اِنتہائی حصّوں تک پھیل گئے (اعمال۱:۸)۔ اُن شاگردوں نے یسوع کے حکم کی پیروی کرتے ہُوئے اَور شاگرد بنائے اور پھر اُن جگہوں پر شاگرد بنانے کے لئے گئے جہاں ابھی تک کوئی نہیں گیا تھا۔ اُن شاگردوں نے جو کچھ خُود سیکھا تھا اُسے دوسروں کو تک پہنچایا (۲ تمتھیس۲-۲)۔ اِسی حکم کو مانتے ہوئے آج ساری دنیا کے ممالک میں یسوع مسیح کے شاگرد اَور شاگرد بنانے میں مصروف ہیں۔

پولس رسول نے سکھایا کہ یسوع مسیح نے خاص پیروکاروں کو ایک کام سونپا ہے:

"تا کہ مُقدس لوگ کامل بنیں اور خدمت گذاری کا کام کیا جائے اور مسیح کا بدن ترقی پائے" (اِفسیوں۴:۱۱-۱۲)۔

اِن چار کتابچوں کا مقصد یسوع کے اُن رہنما پیروکاروں کی مدد کرنا ہے جو دُوسرے پیروکاروں کی خدمت اور اُنکو اِلٰہی کلام سمجھانے میں دِلچسپی رکھتے ہیں تا کہ وہ جا کر مزید پیروکار بنائیں۔ ایک شاگرد ہی سمجھدار مسیحی ہوتا ہے۔

یہ کورس راہنماؤں کو مندرجہ ذیل اسباق فراہم کرنے سے شاگردوں کی تربیت کو عملی بناتا ہے:

۱۔ ہر ایک کتاب میں ۱۲ اسبق ہیں جو ۳ مہینوں میں مکمل کئے جا سکتے ہیں۔

۲۔ خدا کے کلام کے خاص حوالوں کی مدد سے شاگردوں کی سمجھ میں یہ آتا ہے کہ یسوع مسیح اور خُدا کا کلام کیا ہے۔

۳۔ جماعت کے رہنما کے لئے لازمی ہے کہ وہ علمی/تدریسی باتیں شروع کرنے سے پہلے سوالات کا لازمی اِستعمال کرے اور شاگردوں کو خدا کے کلام میں سے پڑھنے دے۔

۴۔ نوٹس ہر سوال کا خلاصہ بیان کرتے ہیں۔ یہ رہنماؤں کے لئے ایک راہنما کا کام کرتے ہیں۔

۵۔ یہ تربیتی کورس فردِ واحد اور چھوٹی جماعت کو شاگرد بناتے وقت عمل میں لانے کے لئے عملی طریقے سکھاتا ہے۔

۶۔ ہر سبق کے ساتھ ساتھ ایک مشق موجود ہے جو گھر پر کرنے کے لئے ہر ایک شاگرد کو دی جائے گی۔

۷۔ یہ تربیتی کورس دُوسروں کو سکھانے میں آسان ہے۔ بارہ کورسز میں سے ہر ایک کورس کی تکمیل کے بعد وہ طالبعلم جو دیگر چھوٹے گروپ کو یہ تربیتی کورس پڑھائیں؛ دُوسرے

راہنماؤں کے لئے اِس کورس کی نقل (کاپی) حاصل کر سکتے ہیں۔

ہماری دُعا ہے کہ خُداوند یسوع مسیح آپکے علاقے میں شاگردوں کا تیزی سے اضافہ کرے اور لوگوں کی ایک بڑی تعداد عقیدے کی فرمانبردار بن جائے (اعمال ۶:۷)۔

"کیونکہ اُسی کی طرف سے اور اُسی کے وسیلہ سے اور اُسی کے لئے سب چیزیں ہیں۔ اُسی کی تمجید ابد تک ہوتی رہے آمین" (رومیوں ۱۱:۳۶)۔

جُملہ حُقوق

ان چاروں کُتب کے جُملہ حُقوق محفوظ ہیں۔ تربیتی مقصد کے لئے اِس کی نقل (کاپی) کرنے کی عام اِجازت ہے لیکن اِن کو فروخت یا تبدیل کرنے کی ہرگز اِجازت نہ ہے اور نہ مُصنف کی اِجازت کے بغیر کسی اور زبان میں ترجمہ کیا جا سکتا ہے۔

سفارش

ہم اِس مواد کی بابت بڑے پیمانہ پر اِستعمال ہونے اور بہتوں کے واسطے باعثِ برکت ٹھہرنے کا اِرادہ رکھتے ہیں لیکن مُنتخبوں کو تربیت دینے اور تربیت یافتہ بنانے کی غرض سے سفارش کی جاتی ہے کہ شاگردیت کے اِس تربیتی کورس کے راہنما اِن چاروں کُتب کی درُست نقل کریں۔ ایک طالبعلم کو یہ تربیتی کورس اُس وقت دِیا جائے جب وہ اِس سبق کو مکمل کر لے اور صرف اُس کے بعد یہ شاگرد دُوسرے گروپ کو یا صرف ایک شخص کو سکھائے۔

فہرست مضامین

راہنماؤں کے لئے کتابچہ نمبر 1

تعارف اور جملہ حقوق محفوظ 2

یسوع مسیح کی بشارتی خدمت 9

ایک چھوٹے گروپ کا آغاز کرنا 16

تربیتی پروگرام 1

تین ماہ کے لئے ایک ہفتہ وار پروگرام تقریباً ڈیڑھ سے دو گھنٹے ہر ہفتے۔ گروپ کو چھوٹا رکھیں ۳ سے ۱۰ افراد، ہر پروگرام کی ابتداء دُعا سے کریں اور گھر پر اثر پذیر تعلیم کا کام سونپتے ہوئے دُعا کے ساتھ ختم کریں۔

سبق 1 **عبادت (خُدا ناقابل بیان ہے)** 19

تعلیم (خدا کے ساتھ ذاتی وقت) سچ کو اپنانے کا پسندیدہ طریقہ)۔

خُدا کے ساتھ ذاتی وقت گذارنے کی مشق (زبور ۲۳)۔

سبق 2 **خُدا کے ساتھ ذاتی وقت گزارنا (۱:۱-۲۹:۷)** 26

ذہن نشین کرنا (نجات کی یقین دہانی۔ یوحنا ۱۰:۲۸)

بائبل کا مطالعہ (میں کیسے خُدا کی باتوں کا جواب کس طرح دُوں؟ (لوقا ۸:۴-۱۵)

سبق 3 **عبادت (خُدا عظیم ہے)** 36

خُدا کے ساتھ ذاتی وقت گذارنا (متی ۸:۱-۱۱:۲۴)

تعلیم (انجیل، انجیل کے نظریات، حصہ ۱)

سبق 4 **خُدا کے ساتھ ذاتی وقت گذارنا (متی ۱۱:۲۵-۱۴:۳۶)** 47

ذہن نشین کرنا (دُعا کے جواب کی یقین دہانی، یوحنا ۱۶:۲۴)

بائبل کا مطالعہ (مَیں کہاں سے آئی ہُوں؟ پیدائش ۱:۱-۴:۴)

سبق 5 **عبادت (خُدا ایک شخص ہے)** 57

خُدا کے ساتھ ذاتی وقت گذارنا (متی ۱۵:۱-۱۸:۲۰)

تعلیم (بائبل کو استعمال کرنے کے سات طریقے)

سبق 6 **خُدا کے ساتھ ذاتی وقت گذارنا (متی ۱۸:۲۱-۲۱:۴۶)** 66

ذہن نشین کرنا (فتح کی یاددہانی ۱-کرنتھیوں ۱۰:۱۳)

بائبل کا مطالعہ (مَیں کون ہُوں؟ افسیوں ۱:۱-۲۲)

سبق 7 **عبادت (خدا قدوس/پاک ہے)** 76
خُدا کے ساتھ ذاتی وقت گذارنا (متی ۲۲:۱-۱۴:۲۵)
تعلیم (دُعا: دُعا کرنے کا مطلب خُدا کی باتوں کا جواب دینا ہے)

سبق 8 **خُدا کے ساتھ ذاتی وقت گذارنا (متی ۲۵:۱۴-۲۸:۲۰)** 82
ذہن نشین کرنا (معافی کی یقین دہانی، ۱-یوحنا ۱:۹)
بائبل کا مطالعہ (میں یہاں کیوں ہوں؟ اِفسیوں ۴:۱۷-۵:۱۷)

سبق 9 **عبادت (خُدا محبت ہے)** 90
خُدا کے ساتھ ذاتی وقت گذارنا (یوحنا ۱:۱-۴:۲۲)
تعلیم (فرمانبرداری، تعلیمی نشوونما)

سبق 10 **خُدا کے ساتھ ذاتی وقت گذارنا (یوحنا ۴:۲۳-۷:۵۲)** 100
ذہن نشین کرنا (خُدا کی رہنمائی کی یقین دہانی، امثال ۳:۵-۶)
بائبل کا مطالعہ (میں کہاں جا رہا ہوں؟ یوحنا عارف کا مکاشفہ، ۲۱:۱-۲۲:۶)

سبق 11 **عبادت (خُدا مددگار ہے)** 118
خُدا کے ساتھ ذاتی وقت گذارنا (یوحنا ۷:۵۳-۱۱:۲۷)
تعلیم (رفاقت وشراکت، ایک دُوسرے کے لئے ہماری ذمہ داریاں)

سبق 12 **خُدا کے ساتھ ذاتی وقت گذارنا (یوحنا ۱۱:۲۸-۱۴:۳۱)** 125
ذہن نشین کرنا (مسیحی یقین دہانی کے متعلق آیات پر نظر ثانی)
بائبل کا مطالعہ (میں کس طرح پھل دے سکتا/سکتی ہوں؟ یوحنا ۱۵:۱-۱۷)

کتابچہ 1 خُدا کیساتھ ذاتی وقت گذارنے کا ایک طریقہ (سچ کو اپنانے کا پسندیدہ طریقہ) 134
کتابچہ 2 بائبل پڑھنے کا پروگرام 136
کتابچہ 3 بائبل پر نشان لگانے کا طریقہ 143
کتابچہ 4 بائبل کے مطالعہ کا طریقہ (پانچ اقدامی طریقہ) 144
کتابچہ 5 بائبل پر غور وخوض اور ذہن نشین کرنے کا طریقہ 146
کتابچہ 6 ایک چھوٹے سے گروپ کا اِنتظام 150
کتابچہ 7 گھر پر رفاقت وشراکت کا پروگرام 153

تربیتی پروگرام 2

ایک بہترین پروگرام جو ایک ہفتہ میں سارے دِن کے لئے ایک بار یا چھ ۶ یومیہ تربیتی سیمینار میں اِستعمال کیا جا سکتا ہے۔ اِس گروپ کو کچھ چھوٹے گروپوں میں راہنماؤں کے ساتھ تقسیم کر دیں۔ گروپ کو چھوٹا رکھیں۔ ہر گروپ میں ۲ سے ۱۰ کے درمیان لوگوں کو شامل کریں۔

تجویز کردہ پروگرام

09 بجے سے 09:30 تک عبادت (اِجتماعی)

09:30 سے 11:00 تعلیم (اِجتماعی)

وقفہ

11:30 سے 01:00 تک بائبل کا مطالعہ

وقفہ

04 سے 05 بجے تک سوالوں کے جوابات دینے کے لئے تعلیم یا بائبل کا مطالعہ مکمل کرنے یا کسی اضافی تعلیم کے لئے اِضافی وقت (اِجتماعی)۔

05:30 سے 05:45 بجے تک غور و خوض اور ذہن نشین کرنا (دو دو)

05:45 سے 06:30 بجے تک بائبل کا مطالعہ (اکیلے)

06:30 سے 07:00 بجے تک خُدا کے ساتھ ذاتی وقت گذارنا (دو دو)

07:00 سے 07:45 بجے تک بیان اور دُعا (ایک چھوٹے سے گروپ میں کم از کم ۱۰ لوگ)

پہلا دن (سبق ۱+۲) دُعا عبادت (خُدا ناقابل بیان ہے) تعلیم (خُدا کے ساتھ ذاتی وقت گذارنا، سچ کو اپنانے کا پسندیدہ طریقہ) بائبل کا مطالعہ (میں خُدا کی باتوں کا جواب کس طرح دوں؟ لوقا ۸:۴-۱۵) ذہن نشین کرنا (نجات کی یقین دہانی: یوحنا ۱۰:۲۸) بائبل کی پڑھائی (متی ۱-۷) خُدا کے ساتھ ذاتی وقت گذارنا (رو رو، متی ۳:۱-۲۱) بیان اور دُعا	**چوتھا دن (سبق ۷+۸)** دُعا عبادت (خدا قدوس/پاک ہے) تعلیم (دُعا، دُعا کرنے کا مطلب خدا کی باتوں کا جواب دینا ہے) بائبل کا مطالعہ (میں یہاں کیوں ہوں؟ اِفسیوں ۴:۱۷-۵:۱۷) ذہن نشین کرنا (معافی کی یقین دہانی، ۱-یوحنا ۱:۹) بائبل کی پڑھائی (متی ۲۲-۲۸) خُدا کے ساتھ ذاتی وقت گذارنا (رو رو، متی ۲۵:۱۴-۳۰) بیان اور دُعا
دُوسرا دن (سبق ۳+۴) دُعا عبادت (خُدا عظیم ہے) تعلیم (اِنجیل کا پیغام، نظریات) بائبل کا مطالعہ (مَیں کہاں سے آیا/آئی ہوں؟ پیدایش ۱:۱-۴:۲) ذہن نشین کرنا (دُعا کے جواب کی یقین دہانی، یوحنا ۱۶:۲۴) بائبل کی پڑھائی (متی ۸-۱۴) خُدا کے ساتھ ذاتی وقت گذارنا (رو رو، متی ۱۰:۱۲-۳۳) بیان اور دُعا	**پانچواں دِن (سبق ۹+۱۰)** دُعا عبادت (خُدا محبت ہے) تعلیم (فرمانبرداری، تعلیمی نشوونما) بائبل کا مطالعہ (میں کہاں جا رہا/رہی ہوں؟ یوحنا عارف کا مکاشفہ، ۲۱:۱-۲۲-۲) ذہن نشین کرنا (خُدا کی رہنمائی کی یقین دہانی، امثال ۳:۵-۶) بائبل کی پڑھائی (یوحنا ۱:۷) خُدا کے ساتھ ذاتی وقت گذارنا (رو رو کر کے، یوحنا ۵:۱۶-۳۰) بیان اور دُعا
تیسرا دن (سبق ۵+۶) دُعا عبادت (خُدا ایک شخص ہے) تعلیم (بائبل کو اِستعمال کرنے کے سات طریقے) بائبل کا مطالعہ (میں کون ہوں؟ اِفسیوں ۱:۲-۲۲) ذہن نشین کرنا (فتح کی یاددہانی ۱ کرنتھیوں ۱۰:۱۳) بائبل کی پڑھائی (متی ۱۵:۲۱) خُدا کے ساتھ ذاتی وقت گذارنا؛ رو رو کر کے (متی ۱۵:۱-۲۰) بیان اور دُعا	**چھٹا دن (سبق ۱۱+۱۲)** دُعا عبادت (خُدا مددگار ہے) تعلیم (رفاقت و شراکت۔ ایک دُوسرے کے لئے ہماری ذمہ داریاں) بائبل کا مطالعہ (میں کس طرح پھل دے سکتا/سکتی ہوں؟ یوحنا ۱۵:۱-۱۷) ذہن نشین کرنا (مسیحی یقین دہانی کے متعلق آیات پر نظر ثانی) بائبل کی پڑھائی (یوحنا ۸-۱۴) خُدا کے ساتھ ذاتی وقت گذارنا (رو رو کر کے، یوحنا ۱۴:۱-۳۱) بیان اور دُعا

ممکن اِضافی تعلیمات

تعارف	یسوع مسیح کی بشارتی خدمت
تعارف	ایک چھوٹے گروپ کی اِبتدا
سبق ۲	بائبل پڑھنے کا پروگرام
سبق ۳	بائبل پر نشان لگانے کا نظام
سبق ۵	بائبل پر غور وخوض اور ذہن نشین کرنے کا طریقہ
سبق ۶	ایک چھوٹے گروپ کا اِنتظام
سبق ۷	گھر پر رفاقت وشراکت کا پروگرام

یسوع مسیح کی بشارتی خدمت

یسوع مسیح کی بشارتی خدمت کی خصوصیات کیا تھیں؟ ہماری خدمت کی کیا خصوصیات ہونی چاہئیں؟

الف: نئے عہدنامہ میں یسوع مسیح اور اُسکے شاگردوں کی بشارتی خِدمت

1- یسوع مسیح اور اُسکے شاگردوں کی بشارتی خدمت ایک بادشاہت کی خدمت ہے۔

یہ خدمت کلیسیائی تفرقے بنانے کی نہیں۔

a. خُدا ہی بادشاہت

خُدا کی بادشاہت ظاہری کلیسیا یعنی مسیح کے بدن یا دُنیا بھر میں اِقرار کرنے والی مسیحی برادری سے بڑھ کر ہے۔

زبور ۱۰۳:۱۹ عام طور پر خُدا کی سلطنت ابدی سلطنت ہے اور اُسکی حکومت ہمیشہ تک رہنے والی ہے (زبور ۱۴۵:۱۳؛ ۱۴۶:۱۰؛ یرمیاہ ۱۰:۱۰؛ ۱-تیمتھیس ۱:۱۷)۔

متی ۲۸:۱۸ خاص طور پر خُدا کی سلطنت زمین پر یسوع مسیح کے ذریعے ہے (یوحنا ۱۲:۳؛ اِفسیوں ۱:۲۰-۲۲؛ کلپسیوں ۲:۹-۱۱؛ ۱-کلسیوں ۱:۱۳-۱۴؛ مکاشفہ ۱:۵-۶؛ ۱۲:۱۰)۔

مُکاشفہ ۱:۵-۶ خُدا کی بادشاہت یسوع مسیح کی پہلی آمد کے دوران مکمل کئے گئے نجات کے کام کی بُنیاد پر قائم ہے (متی ۲۱:۳۱، ۴۳؛ ۲۲:۲، ۱۸؛ اعمال ۲:۳۶) اور آج اِیمانداروں میں اُس کا اِطلاق رُوح القدس کے وسیلہ سے ہوتا ہے (رومیوں ۱۴:۱۷)۔

لوقا ۱۷:۲۰-۲۱ خُدا کی بادشاہت یسوع مسیح کی حکمرانی ہے جو اِیمانداروں کے دلوں میں دیکھی جا سکتی ہے اور اُن کی زندگیوں میں عمل کرتی ہے (متی ۶:۱۰، ۳۳؛ ۲۵:۳۴-۴۰)

b. خُدا کی بادشاہت چار ظاہری پہلوؤں میں دیکھی جا سکتی ہے۔

مطالعہ کیجئے مرقس ۱۰:۲۵-۲۶

خُدا کی بادشاہت اِیمانداروں کی نجات میں شروع سے آخر تک ظاہر ہوتی ہے۔ اُسکا ابدیت میں انتخابات (اِفسیوں ۱:۴-۵) اُسکا بروقت دوبارہ جنم لینا (یوحنا ۳:۳-۸) اُسکی زندگی کی تبدیلی (۱-کرنتھیوں ۶:۹-۱۱) اور مسیح کی دُوسری آمد پر اُس کا جی اُٹھنا (۱-کرنتھیوں ۱۵:۲۴-۲۶)۔

خُدا کی دی ہوئی نجات میں؛ رُوح اور بدن کے لئے رُوحانی اور جسمانی برکات شامل ہوتی ہیں جو اُس وقت ظاہر ہوتی ہیں جب خُدا کی خودمختار بادشاہت پہچانی اور تسلیم کی جاتی ہے (اِفسیوں ۱:۳)۔

مطالعہ کیجئے متی ۱۶:۱۸-۱۹

خُدا کی بادشاہت زمین پر سارے اِیمانداروں کے بطور ایک کلیسیا ہونے کے آئین سے ظاہر ہوتی ہے (اِفسیوں ۱:۲۰-۲۳؛ ۱-پطرس ۲:۴-۵، ۹، ۱۰) کلیسیا اُن لوگوں کی جماعت ہے جن کے دلوں میں خُدا اور اُسکی شاہی حکمرانی شناخت کی اور مانی جاتی ہے۔

مطالعہ کیجئے متی ۲۵:۳۴-۴۰

خُدا کی بادشاہت اِنسانی معاشرہ کے تمام پہلوؤں میں اِیمانداروں کی زندگی کے نیک اعمال کی وجہ سے ظاہر ہوتی ہے (دانشمندانہ، جسمانی، جذباتی، سماجی اور روحانی پہلوؤں میں جیسے کہ تعلیم، اِنصاف، رحم دلی اور محبت میں اُن کا اثر و رسوخ دیکھا جا سکتا ہے (رومیوں ۱۴:۱۷)۔

مطالعہ کیجئے ۱-کرنتھیوں ۱:۲۳-۲۶

اور آخری، خُدا کی بادشاہت ساری کائنات کی نجات دہندہ زندگی میں دیکھی جا سکتی ہے، جو کہ نئی جنت اور نئی زمین پر اُسکی پوری عظمت کے ساتھ ہوگی، خُدا کے احساس کا آخری کام لوگوں کی نجات میں ہے (متی ۲۴:۲۵، ۲ پطرس ۱:۱۱، یوحنا عارف کا مکاشفہ ۱:۱۵)۔

C. خُدا کی بادشاہت پانچ خصوصیات۔

مطالعہ کیجئے متی ۱۲:۲۸

خُدا کی بادشاہت خاص طور پر یسوع مسیح کی پہلی آمد پر قائم ہوئی ہے (متی ۲۱:۴۳)

مطالعہ کیجئے یوحنا ۱۸:۳۶

خُدا کی بادشاہت موجودہ دُنیا میں ہے نا کہ موجودہ دُنیا کی (لوقا ۱۷:۲۱)

مطالعہ کیجئے متی ۱۳:۱۱-۱۷

خُدا کی بادشاہت ایک ہی وقت میں اِیمانداروں کے لئے ایک اِنکشاف اور اِیمان نہ رکھنے والوں کے لئے ایک پہیلی ہے۔

مطالعہ کیجئے متی ۱۳:۲۴-۳۶،۲۶-۴۳

خُدا کی بادشاہت کی ایک شکل اِس دُنیا پر ہے اور ایک شکل مستقبل میں نئی زمین پر ہوگی۔

مطالعہ کیجئے متی ۱۳:۳۱-۳۳

خُدا کی بادشاہت چھوٹی سی شروع ہوتی ہے اور پھر بڑھتے بڑھتے ہر جگہ اور خطہ میں پھیل جاتی ہے۔

2- یسوع مسیح اور اُسکے شاگردوں کی بشارتی خدمت گھروں کی خدمت ہے۔

ضروری نہیں کہ خدمت صرف ایک خاص گرجہ گھر کی عمارت میں ہی ہو۔

مطالعہ کیجئے مرقس ۲:۱-۵

یسوع نے عام لوگوں کے گھروں میں تبلیغ کی، اُنکو تعلیم دی اور بیماریوں سے پاک کیا (مرقس ۳:۲۰،۳۲-۳۵) یسوع کے شاگرد گھر گھر جاتے اور کبھی بھی تبلیغ کرنے اور اُنکو تعلیم دینے سے باز نہیں آئے (اعمال ۵:۴۲، ۲۰:۲۰-۲۱)۔

وہ اپنے رشتہ داروں، قریبی دوستوں اور اپنے گھروں میں یسوع کے آنے کی خوشخبری سناتے تھے (اعمال ۱۰:۲۴-۲۷،۲۸:۳۰-۳۱)۔

مطالعہ کیجئے مرقس ۲:۱۵،۱۶

یسوع عام لوگوں کے گھروں میں کھانے کے دوران عام لوگوں سے رفاقت رکھتا تھا۔ مسیحی لوگ روٹی توڑنے کے لئے ایک گھر میں جمع ہوا کرتے تھے (اعمال ۲:۴۶؛ ۲۰:۷،۹)۔

مطالعہ کیجئے اعمال ۱۲:۱۲

مسیحی مل کر ایک ہی گھر میں دُعا کیا کرتے تھے۔

مطالعہ کیجئے اعمال ۱۶:۳۱-۳۴

لوگ گھروں میں تبدیل ہوتے اور بپتسمہ لے لیتے تھے (اعمال ۹:۱۷-۱۸؛ ۱۸:۷-۱۱؛ ۱۶:۳۲)۔

مطالعہ کیجئے ۱-کرنتھیوں ۱۶:۱۹

مسیحیوں کی جماعتیں گھروں میں جمع ہوا کرتی تھیں (رومیوں ۱۶:۵ کلسیوں ۴:۱۵؛ فلیمون ۱-۲)

3- یسوع مسیح اور اُسکے شاگردوں کی بشارتی خدمت ایک ترجمتی خدمت ہے۔

یہ ضروری نہیں کہ بشارتی خدمت ہفتہ وار مذہبی پروگرام پر ہی مشتمل ہو۔

تربیت یا تدریس تعلقات یا شاگردیت کی بنیاد پر قائم ہوتی تھی۔ تربیت کی بنیادی اِصطلاحات ہیں:

سچ کی تعلیم ہنرمندی کی تعلیم

ہر چیز میں ایک نمونے (مثال) کو منتقل کرنا اور تربیت یافتہ لوگوں کو دُوسروں کے پاس بھیجنا کہ اُن کو تربیت دیں۔

a. یسوع نے شاگرد بنائے (کامل مسیحی)

مطالعہ کیجئے یوحنا ۳۹:۱

یسوع نے اپنے شاگردوں کو سکھایا اور اُن میں ایک مثال منتقل کی ''آؤ اور دیکھو'' یسوع لوگوں کی زندگیوں میں شامل ہو جاتا اور لوگوں کو اپنی زندگی میں شامل کر لیتا تھا۔

مطالعہ کیجئے مرقس ۱۴:۳

پھر یسوع نے لوگوں کو اپنے ''ساتھ ہونے'' اور ''اپنے پیچھے ہو لینے'' کو کہا تا کہ وہ اُنکو آدم گیر بننا سکھا سکے (متی ۱۹:۴) اُس نے اُنکو اپنی تعلیم پر عمل کرنا سکھایا (متی ۲۴:۷-۲۷)

مطالعہ کیجئے متی ۲۳:۴

یسوع اور اُسکے شاگرد پُورے صوبہ میں جا کر لوگوں کو تعلیم دیتے، تبلیغ کرتے اور اُنکو شفا دیتے تھے۔ اُنکی خدمت ہر طرح سے کامل تھی (پوری طرح مکمل دسترس میں) وہ نہ صرف تعلیم و تربیت دیتے تھے بلکہ رحم کرنے اور حاجت مندوں کی ضروریات پُوری کرنے کی مثال بھی پیش کرتے تھے۔

b. یسوع نے اپنے شاگردوں کو تربیت دی

مطالعہ کیجئے متی ۱۳-۱۰:۹

اُنہوں نے رحم اور راستی کے طالبِ لوگوں کے پاس جانا سیکھا (متی ۱۱:۱۹؛ لوقا ۱۰:۱۹)۔

مطالعہ کیجئے متی ۱۷:۹

اُنہیں اُس نئی زندگی کے پیغام کو ایک نئے سلیقے اور ڈھنگ میں ڈالنا تھا (متی ۱۵:۱-۹)۔

مطالعہ کیجئے متی ۸-۵:۱۰

وہ منادی کرنے، شفا دینے اور مفت پایا مفت دینے پر عمل کرتے تھے (۱-کرنتھیوں ۹:۱۸-۲۷)۔

c. یسوع نے لیڈروں کو بھیجا

مطالعہ کیجئے یوحنا ۲۱:۲۰

آخر میں یسوع نے اپنے شاگردوں کو وہ کرنے بھیجا جو وہ خود کرتا تھا۔

مطالعہ کیجئے متی ۲۰-۱۸:۲۸

اُنہیں دُنیا کی سب قوموں کے پاس جانا، اِنجیل کی خوشخبری کے ذریعے اُن کو یسوع مسیح کے شاگرد بنانا اور ایمانداروں کو بپتسمہ دینا اور اُن سب باتوں پر عمل کرنے کی تعلیم دینا تھا جس کا یسوع نے اُن کو حکم دیا تھا۔

4. یسوع اور اُسکے شاگردوں کی خدمت ایک بڑھوتری کی خدمت ہے۔

یہ خدمت روایتی مرتبہ قائم کرنے کا ذریعہ نہیں ہے۔

a. تین بُنیادی گروپ

- ایک بڑا گروپ (معاشرہ میں ہجوم)
- شاگردوں کا ایک چھوٹا گروپ (ایک گھریلو رفاقت یا گھریلو کلیسیا جو مستقل طور پر رفاقت و شراکت رکھتے ہیں)۔
- ایک اِنفرادی ایک شخص کا کسی خاص مقصد کے تحت دُوسرے شخص سے ملنا (تعلیم و تدریس یا ہُنر سکھانا)۔

b. تین مختلف تاکیدیں

ایک بڑے گروپ میں ہم تعلیم، تبلیغ، معلومات، سمجھ بوجھ اور اچھے کام کرنے کے لئے قائلیت پر زور دیتے ہیں (اعمال ۱۰:۳۸؛ ۲۰:۱۸-۲۰)۔

ایک چھوٹے گروپ میں ہم تربیت، مطالعہ، باہمی عمل، ممکن اطلاقات، ایک دوسرے سے محبت اور نیک کام کرنے پر زور دیتے ہیں (عبرانیوں ۱۰:۲۴-۲۵)۔

کسی ایک شخص کے ساتھ ہم اچھی مثالوں کی منتقلی، ذاتی مشق، ذاتی عادتوں اور کرداروں کی تبدیلی پر زور دیتے ہیں (کلسیوں ۱:۲۸-۲۹؛ ۲ - تمتھیس ۲:۱۰-۱۱، ۱۶) دراصل اچھے کام کرنا (رسولوں ۲۰:۲۴-۲۵) خاص مقصد کے لئے تیار کرنا اور خُدا کی سلطنت میں خدمت کرنا (اِفسیوں ۴:۱۲؛ ۲ - تمتھیس ۳:۱۷)۔

c. بڑے اور چھوٹے گروپس اور فردِ واحد کی اہمیت کے لئے بائبل پر مبنی ہدایات (تمتھیس)۔

بڑا گروپ، جماعت (متی ۱۸:۱۶)

یسوع ← چھوٹا گروپ، بارہ شاگرد (متی ۱۰:۱-۴)

فردِ واحد، پطرس (یوحنا ۲۱:۱۵ متی ۱۶:۱۸)

بھیڑ (۵۰۰۰ کا مجمع، اعمال ۴:۴)

پطرس ← رسولوں کی جماعت (اعمال ۲:۱۴)

برنباس (اعمال ۴:۳۶-۳۷)

ایک بڑی بھیڑ (اعمال ۱:۲۴)

برنباس ←

پولُس (اعمال ۱۱:۲۵-۲۶)

تمام لوگوں کا مجمع (۲ - کرنتھیوں ۱۱:۲۸)

پولس ← اُس کے مجدمتوں کی جماعت (اعمال ۱۶:۲؛ سیلاس، تمتھیس، ططس، لوقا)

تمتھیس (فلپیوں ۲:۱۹؛ ۲۳:۲ - تمتھیس ۳:۱۰-۱۱)

اِفسس کی جماعت (۱ - تمتھیس ۳:۱؛ ۲ - تمتھیس ۴:۱-۵)

تیمتھیس ⟵ بزرگ بکلیسیا کے منتظمین، بیوائیں، بوڑھے، جوان، غلام، اُستاد، امیر وغیرہ وغیرہ۔
⟵ جو کچھ اُس نے سیکھا تھا وہ ایسے دیانتدار آدمیوں کے سپرد کرنا جو اوروں کو سکھا سکیں (۲تیمتھیس ۲:۲)۔

⬇

قابل بھروسہ دیانتدار شخص ⟵ دُوسرے (۲-تیمتھیس ۲:۲) مثال کے طور پر دُوسرے لوگوں کی جماعت کی رہنمائی کرنا۔
⟵ دُوسری جماعت قابلِ بھروسہ دیانتدار لوگوں کی تعلیم و تربیت کرنا۔
⟵ تعلیم دینا، تربیت دینا اور ایک مثال منتقل کرنا۔

⬇

آپ اور میں ⟵ اس طرح ہم جو آج زندہ ہیں، ایک چھوٹے گروپ کی صورت میں ممکنہ طور پر تیمتھیس کی طرح تربیت لے چکے ہیں۔ آپ اپنی باری پر اپنا چھوٹا گروپ اور اپنا "تیمتھیس" چُنیں اور اُن کو تربیت دینے پر دھیان دیں۔

ب: یسوع مسیح اور اُسکے شاگردوں کی بشارتی خدمت آج بھی جاری ہے۔

1- چھوٹا گروپ: گھریلو رفاقتی اجتماعات

عام طور پر ایماندار جو قریب یا پیدل چلنے کی دُوری پر رہتے ہیں وہ گھروں پر ایک چھوٹے سے گروپ کی صورت میں جمع ہوتے ہیں۔

a- یسوع اپنی خدمت کو جاری رکھے ہُوئے ہے۔

موجودہ زمانہ میں یسوع اپنی خدمت کو عام ایمانداروں کے ذریعے جاری رکھے ہُوئے ہے۔
- معاشرے میں بڑے گروہ کی خدمت کرتے ہُوئے۔
- ایک چھوٹے گروپ میں ایمانداروں کی تربیت کرتے ہُوئے (گھریلو رفاقت)۔
- اور کسی بھی ایک ایماندار کی تربیت کرتے ہُوئے۔

ایماندار لوگ اپنے معاشرے میں کچھ اچھا کرنے کی جدوجہد کرتے ہیں۔ ایمانداروں کی چھوٹی جماعتیں ہر ہفتے ایمانداروں کے گھروں پر جمع ہوتے ہیں تاکہ یسوع مسیح کے ذریعے خدا کی عبادت کریں۔ یسوع مسیح کے بارے جاننے اور اُس کی فرمانبرداری کرنے میں ترقی کریں اور شاگردوں کی تربیت کریں۔ کامل ایماندار انفرادی طور پر اپنے تیمتھیس یا ایک نئے گروپ لیڈر کی تربیت کے لئے جمع ہوتے ہیں۔

b- ایک چھوٹے گروپ میں شاگردیت کے سات قائدے۔

اس کورس میں نئے ایمانداروں کو شاگردیت کے سات قائدے مستقل بنیادوں پر سکھائے جاتے ہیں۔ عبادت، اپنا ذاتی وقت (اور زندگی) خُدا کے ساتھ گزارنا، شاگردیت کے کسی موضوع یعنی غور و خوض اور ذہن نشین کرنا، بائبل کا مطالعہ کرنا اور گھر پر دُعا اور تیاری کرنے کی تربیت دینا۔

c- شاگردیت کا کورس اور ایک چھوٹے گروپ میں گھریلو کلیسیائی خدمت۔

۲ سے ۱۵ کے درمیان ایماندار ہر ہفتے ایک گھر میں جمع ہوں۔

صرف شاگردیت کے لئے:

شاگردیت (A) پہلے اور تیسرے ہفتے اور شاگردیت (B) ہر مہینے کے دُوسرے اور چوتھے ہفتے ۔ پہلے ہفتہ کے دوران وہ خاص کا عبادت اور تعلیم کی مشق کریں اور اگلے ہفتے وہ خاص کر ذہن نشین کریں اور بائبل کا مطالعہ کریں ۔

یا شاگردیت اور خِدمت کے لئے

ہر تیسرے ہفتے شاگردیت (A-B) اور خدمت (c) ۔

خاص طور پر پہلے ہفتے کے دوران عبادت اور تعلیم، دُوسرے ہفتے کے دوران کلام کو ذہن نشین کرنا اور بائبل کا مطالعہ کرنا، تیسرے ہفتے کے دوران گیت گانا، تبلیغ، دُعا، خُداوند کا کھانا اور بپتسمہ ۔



2. اِنفرادی طور پر: اپنے تیمتھیس کو تربیت دیں۔

۲-تیمتھیس ۲:۲ کی بنیاد پر کم از کم ہر ایک گھریلو رفاقت یا ایک چھوٹے گروپ سے ایک آدمی کو چُنیں ۔ وہ ایک مخصوص آدمی اور عورت ایک بھروسہ مند، فرمانبردار، وفادار اور دُوسروں کو سکھانے کے قابل ہو ۔ اُس آدمی/عورت سے کم از کم ہفتہ میں ایک بار تربیت دینے کے لئے ملیں ۔ ایک ذاتی مثال قائم کریں ۔

مندرجہ ذیل علاقوں میں ایک مثال منتقل کرنے پر خاص توجہ دیں ۔ مثلاً، شخصی عمل، چال چلن اور عادات کی تبدیلی ۔ اُس شخص کی ایسی تربیت کریں کہ وہ گروپ لیڈر بن سکے، پھر جب وہ مرد یا عورت ایک چھوٹے گروپ یا اپنے تیمتھیس کی تربیت کرتا/کرتی ہے تو اُس کی راہنمائی کریں ۔

3. طریقہ کار۔ گروپ لیڈرز کے لئے کتابچے

a- کتابچہ ۱-۴ کا اِستعمال کریں جو "جاؤ اور شاگرد بناؤ" کہلاتا ہے۔

اِسکا مقصد ایک شاگرد کی اور گروپ کے راہنما کی تربیت کرنا ہے۔

کتابچہ ۱ ۔ بنیاد یا شاگردیت کو تشکیل دیتا ہے۔

کتابچہ ۲-۴ ترقی یافتہ شاگردیت کو تشکیل دیتا ہے۔

یہ کتابچے بائبل کے مطالعہ کے پانچ درجاتی طریقے اور مسیحی زندگی کے بڑے پہلوؤں کی تعلیم دیتے ہیں ۔

ہر کتابچہ ۱۲ سباق پر مشتمل ہے اور سبق کا دورانیہ دو گھنٹے ہے۔

b- کتابچہ ۵-۸ جو "جاؤ اور مسیح کی کلیسیا تعمیر کرو" کہلاتا ہے۔ از ڈونا

اِسکا مقصد مسیحیوں کی ایک جماعت تعمیر کرنا ہے۔

کتابچہ ۵-۶ جماعتوں میں کام تعمیر کرتے ہیں۔

کتابچہ ۷-۸ جماعتوں میں خدمات تعمیر کرتے ہیں۔

وہ یوحنا کی اِنجیل سکھاتے ہیں۔

ہر ایک کتابچہ بارہ اسباق پر مشتمل ہے اور ہر سبق کا دورانیہ دو گھنٹے ہے۔

c- آخر میں کتابچہ ۹-۱۲ اِستعمال کریں جو "جاؤ اور خُدا کی بادشاہت کی منادی کرو" کہلاتا ہے۔

اِسکا مقصد جماعتوں اور مسیحی خدمات میں راہنما پیدا کرنا ہے۔

یہ خاص طور پر جماعت اور گروپ کے راہنماؤں کو تعلیم دیتے ہیں تا کہ وہ یسوع مسیح کے تمثیلوں اور رومیوں کے نام خط کی تعلیم دے سکیں۔ ریڈیو پروگرامز بھی بائبل مقدس کی ہر ایک کتابوں کے تعارف کی تعلیم دیتے ہیں۔ ہر کتابچہ بارہ اسباق پر مشتمل ہے اور ہر سبق کا دورانیہ دو گھنٹے ہے۔

d- ریڈیو، ٹیلی ویژن، سی ڈی، انٹرنیٹ اور ویب کیسٹ جو اِستعمال کی جاتی ہیں وہ سب DOTA کہلاتے ہیں۔

اِس مواد کا استعمال کرتے ہوئے بائبل کی سچائیوں گرفت ڈالیں، مسیحی اُصولوں کو عمل میں لائیں مسیحی خدمت کرنے کے لئے ہنر حاصل کریں۔

4- رویا: ترقی پزیر خدمت کا دُرست طریقہ

a- خدمت کو بڑھانے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ گروپ کا ہر ایک راہنما گھریلو رفاقت یا چھوٹے گروپوں کو تربیت دے۔

اگر ہر ایک تربیت یافتہ رفاقت ہر سال ایک نئی رفاقت شروع کرتی ہے تو 10 برسوں میں 256 گھریلو رفاقتیں یا چھوٹے گروپس وجود میں آجائیں گے۔

b- راہنماؤں کو بڑھانے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ ہر قصبہ اور کالونی میں راہنماؤں کی تربیت کرنے والے ہوں۔

ایک مرد یا عورت کا تعین کرنے سے آغاز کریں تا کہ وہ آپ کے ملک میں مزید گروپ لیڈرز کو تربیت دیں۔

c- خُدا کا حُکم اور وعدہ

خُدا کا تہذیبی حکم نے پیدائش ۱:۲۸ میں فرمایا خُدا کی صورت والے اِنسانوں سے "پُوری دُنیا کو معمور و محکوم کرو"۔ اور متی ۱۹:۲۸ میں یسوع کا ارشادِ اعظم کہتا ہے "جاؤ اور ساری قوموں کو شاگرد بناؤ"۔

خُدا کا منصوبہ کبھی ناکام نہیں ہوگا۔ خُدا فرماتا ہے "جیسا مَیں نے چاہا ہے ویسا ہی ہو جائیگا (یسعیاہ ۱۴:۲۴-۲۷؛ زبور ۸:۱۳۸)۔

آخری وقت میں لوگوں کی ایک بڑی بھیڑ ہوگی جس کو کوئی شمار نہیں کر سکتا اور سارے ملکوں، قوموں، قبیلوں اور زبانوں سے لوگ یسوع مسیح کے سامنے کھڑے ہونگے (مکاشفہ ۷:۹)

ایک چھوٹے گروپ کا آغاز کرنا

الف: ایک مقصد رکھیں

1۔ شاگرد بنانے کی غرض سے گروپس کے راہنماؤں کے لئے یہ چار کتابچے مندرجہ ذیل مقاصد رکھتے ہیں:

a۔ بطور ایک مسیحی ترقی پانے میں آپ کی مدد کرنا۔

b۔ دُوسرے نوجوان مسیحیوں کی مدد کرنا تاکہ وہ کاملیت میں ترقی کر سکیں۔

c۔ مسیحی گروپ لیڈرز اور کارندوں کی تربیت کرنا تاکہ وہ خاص طور پر شاگرد بنانے کی خدمت کر سکیں۔

خبردار۔ یہ راہنما کتابچے کسی شخص کو یسوع کا شاگرد نہیں بناتے۔ رُوحانی نشوونما اُس صورت میں آتی ہے جب آدمی سچائی پر یقین کرتا اور اپنی زندگی میں اُس پر عمل کرتا ہے۔ ''خُدا نے ہمیں بائبل اِس لئے نہیں دی کہ ہم صرف اپنے علم میں اضافہ کریں بلکہ اِس لئے کہ یہ ہماری زندگی بدلے''۔

2۔ شاگردیت کے اِس کورس کی خصوصیات درجہ ذیل ہیں:

a۔ **یہ جمہوری/اشتراکی ہے**

گروپ کا ہر شخص اس میں شرکت کرتا یا حصہ لیتا ہے۔

b۔ **یہ قابلِ عمل/برداشت ہے۔**

شاگردوں کو صرف ایک بائبل، کاپی اور قلم کی ضرورت ہے۔ صرف گروپ کا راہنما کتابچہ اِستعمال کرے گا۔

c۔ **یہ اپنا نیا اِختیار کرنے کے قابل ہے۔**

گروپ کا راہنما اپنے مقصد یا اپنے شاگردوں کی ضرورت کے تحت کورس (مواد نہیں) اپنا سکتا ہے۔

d۔ **یہ تخلیقی ہے۔**

طالبِ علموں کو سوچنے، اپنی تسلی کرنے اور موجد بننے اور اپنے ہُنر کو استعمال میں لانے کی حوصلہ افزائی ملتی ہے۔

e۔ **یہ عملی ہے۔**

یہ کتابچے عملی طریقے سکھاتے ہیں اور طالبعلموں جو کچھ سیکھتے ہیں اُسکو عمل میں لانے کی تعلیم پاتے ہیں۔

f۔ **یہ قابلِ منتقل ہے**

جو شاگرد ایک کتابچہ مکمل کر لیتے ہیں وہ اُسے دُوسروں کو سکھانے کے لئے اِستعمال کر سکتے ہیں۔

ب: لائحہ عمل بنائیں

1. خُدا

خُدا نے ہمیں کیا کرنے کو کہتا ہے؟ خُدا کو موقع دیں کہ بائبل کے ذریعے آپ کی راہنمائی کرے اور روح القدس دُعا میں آپ کی راہنمائی کرے۔

2. ضروریات

لوگوں کی کونسی ضروریات ہیں جس کی تربیت آپ اُن کو دینا چاہتے ہیں؟ اُنکی زندگی کا مشاہدہ کریں اور جو کچھ وہ کہتے ہیں اُسے سُنیں۔

3. مواقع

مواقع، صلاحیتیں، وسائل اور مشکلات کیا ہیں؟

4. اہتمام۔

آپ اپنے منصوبے میں کون کون سے اہتمام کریں گے؟ آپ کتنے لوگوں کی تربیت کرنا چاہتے ہیں؟ ہر ایک شاگرد کی کاملیت اور صلاحیت کیا ہے؟ ہر ایک شاگرد کتنی دیر کے لئے دستیاب ہے؟

5. جگہ

مُلاقات کے لئے ایک مناسب جگہ اور وقت کا اِنتخاب کریں۔ کیا سبھی طالبعلم مُلاقات کی جگہ پہنچ سکتے ہیں؟ کیا یہ مقام شور شرابے سے دُور ہے؟

ج: مستقل مزاج لوگوں کو سکھائیں

1- شاگردوں کو سکھائیں

a۔ مطالبات

دعا کے ساتھ ایسے طالبعلموں کی تلاش کریں جو سیکھنے کے خواہش مند اور وفادار ہوں (۲-تیمتھیس ۲:۲)۔

b۔ مطلع کریں

اُنکو شاگردیت کے پروگرام میں شرکت کی دعوت دیں، اُنکو شاگردیت کے پروگرام کے متعلق اچھی طرح آگاہ کریں۔

2- شاگردوں کو مندرجہ ذیل پانچ اُصولوں کی پابندی کرنے کو کہیں:

a۔ وفادار ہونا

میں ہر چھوٹے گروپ کی میٹنگ میں آؤنگا/گی۔

b۔ تیار ہونا

میں چھوٹے گروپ کی میٹنگ میں آنے سے پہلے گھر پر کرنے کے لئے دیا ہوا کام کرونگا/گی۔

c۔ تربیت پانے کے لائق ہونا

میں سیکھنے اور سیکھی ہوئی بات کو عمل میں لانے کے لئے آمادہ ہوں۔

d۔ محبت کرنے والا ہو

میں گروپ کے دُوسرے لوگوں کی نشونما پانے میں مدد کرونگا/گی۔

e۔ جواب دہ ہو

میں چھوٹے گروپ کی ترقی اور جدوجہد کے متعلق بتانے پر آمادہ ہوں۔

اب طالب علموں کو اِس کے متعلق دُعا کرنے اور جو کچھ وہ کریں گے اُس کے بارے میں خُدا کے ساتھ ملنے کا فیصلہ کرنے دیں۔

د: موادکا اِستعمال

۱۔ بائبل مقدس

بائبل تعلیم وتربیت کرنے کے لئے آپ کا سب سے اہم ذریعہ ہے۔اپنی تربیت میں ہمیشہ بائبل کو اِستعمال کریں۔

۲۔ کتابچہ

اِن چار کتابچوں کو تربیت اور تعلیم دینے کے پروگرام کے طور پر اِستعمال کریں۔

۳۔ سفید بورڈ

تعلیم دینے کے لئے سفید بورڈ کا اِستعمال کریں۔

۴۔ نوٹس

شاگردوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ جس قدر ممکن ہو سکے مکمل طور پر لکھیں۔

۵۔ انٹرنیٹ، ریڈیو اور ٹیلی ویژن

گروپ کے رہنما اور شاگرد ریڈیو، ٹیلی ویژن پروگرامز، میٹ لائٹ پروگرامز، سی ڈی اور اِنٹرنیٹ کے اِستعمال سے اِستفادہ حاصل کریں گے۔

ہ: چھوٹے گروپوں کو بڑھائیں

۱۔ شاگردوں کو چھوٹے گروپ شروع کرنے کا موقع دیں

جب آپ ایک چھوٹے گروپ کی تربیت مکمل کر چکیں تو اُنکو اپنے چھوٹے گروپ شروع کرنے کی دعوت دیں اور اِن چار کتابچوں کو اِستعمال کرنے پر آمادہ کریں۔یا طالبعلموں کے دو گروپس بنا دیں تا کہ وہ چھوٹے چھوٹے نئے گروپس بن جائیں (لوقا ۱۰:۱-۲)۔

۲۔ کتابچے صرف راہنماؤں کے لئے ہیں۔

اس کتابچہ کے مکمل ہونے پر وہ طالبعلم جو کہ دُوسرے چھوٹے گروپوں کو تربیت دینا چاہتے ہیں وہ اِس کتابچہ کی ایک کاپی حاصل کر سکتے ہیں۔

۳۔ نئے گروپ کے رہنماؤں سے متواتر ملتے رہیں۔

نئے شاگردوں کے گروپ لیڈروں سے متواتر ملتے رہیں اور اُنکو اپنے مسائل بتانے، سوالات اور دُعائیں کرنے کا موقع دیں اور پھر اُنکو مزید تربیت دیں۔تمام نئے راہنماؤں کو ایک اُستاد اور سکھانے والے کی ضرورت ہے۔